سوال

نماز میں قراءت کی ترتیب

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگر کوئی امام عشاء کی فرض چار رکعتوں میں پہلی رکعت میں قل اعوذ برب الناس اور دوسری رکعت میں سورہ اخلاص پڑھے تو اس صورت میں ہماری نماز کیسے ہوگی ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بہتر یہی ہے کہ قرآن مجید ترتیب کے ساتھ پڑھا جائے جیسا کہ عام احادیث سے ثابت ہے لیکن بغیر ترتیب کے پڑھنا بھی جائز ہے۔

صحیح حدیث میں آیا ہے کہ نبی ﷺ نے نماز میں سورۃ النساء پڑھی پھر سورۃ آل عمران پڑھی۔ (صحیح مسلم: 772 باب استحباب الطویل القراءۃ فی صلاۃ اللیل۔ ودری نسخہ ج1ص264)

لہذا صورت مذکورہ میں آپ کی نماز ہوگئی ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج1ص409

محدث فتویٰ